وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

ایڈیشن: جنوری 2026ء شمارہ نمبر: 178 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16

فیسکو نیوز

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی پروموٹ اور اپ گریڈ ہونے والے تمام افسران کو دلی مبارکباد

ترقی پانے والے افسران اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے فیسکو اور ملک و قوم کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

صارفین کی شکایات کے فوری اور مؤثر ازالے کیلئے جدید ہیلپ لائن 118 کا باضابطہ آغاز

ہیلپ لائن 118 کی جدید سروسز کے ذریعے صارفین کی شکایات کے اندراج، ٹریکنگ اور بروقت ازالے کو یقینی بنایا جا سکے گا

فیسکو نیوز

ایڈیشن: جنوری 2026ء شمارہ نمبر: 178 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

انجینئر محمد عامر

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

محمد منور خان

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

محمد سعید رضا

ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو

ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



محمد شفیق



ایوب احمد

فوٹوگرافی



محمد وسیم

پبلشر
شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد
Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

عرض مدیر

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی سربراہی میں فیسکو اپنے صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور ان کو دور حاضر کی جدید سروسز کی فراہمی کیلئے کمپنی کے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہا ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی مؤثر حکمتِ عملی اور انتظامی صلاحیتوں کی بدولت فیسکو کے نومبر تک پروگریسو لائن لاسز جو پچھلے سال 6.01 فیصد تھے اس کے مقابلے میں اس سال 4.99 فیصد رہے اور 1.02 فیصد کی ریکارڈ کمی واقع ہوئی۔ جھنگ اور چنیوٹ کے اضلاع میں شدید سیلابی صورتحال کے باوجود فیسکو کی پروگریس ریکوری شاندار رہی جو کہ فیسکو کی ریکوری ٹیموں کی اعلیٰ کارکردگی کا عکاس ہے۔ مشکل حالات میں بھی ریکوری کے اہداف حاصل کرنا فیسکو کے نظم وضبط، پیشہ ورانہ مہارت اور ٹیم ورک کی عکاسی کرتا ہے جو بلاشبہ کمپنی کے افسران وملازمین کے ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ فیسکو انتظامیہ کے موثر اقدامات کے نتیجے میں ریکوری میں بہتری اور لائن لاسز میں نمایاں کمی ممکن ہوئی جس کی وجہ سے فیسکو کو تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں ایک نمایاں اور مستحکم حیثیت حاصل ہے۔ فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں صارفین کی شکایات کے فوری اور بروقت ازالے کے لئے جدید وسائل کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ صارفین کو جدید سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری ازالہ فیسکو کی اولین ترجیح ہے جس کیلئے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ صارفین فیسکو کا قیمتی سرمایہ ہیں جن کو بہترین خدمات اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں۔ امید واثق ہے کہ فیسکو اپنے قائد چیف ایگزیکٹو انجینئر محمد عامر کی قیادت میں مستقبل میں بھی اسی جذبے اور لگن کے ساتھ عوامی خدمت میں مصروف عمل رہے گا اور مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنائے گا۔

اس شمارے میں

04 رمضان المبارک کی عظمت وشان
05 فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کے مختلف افسران کو پروموشن اور ٹائم سکیل اپ گریڈیشن دے دی گئی
06 کمشنر آفس فیصل آباد میں منعقدہ خصوصی اجلاس میں شرکاء کی طرف سے فیسکو کی شاندار کارکردگی کو سراہا گیا
07 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی میں ٹیکنیکل ریفریشر کورس کی اختتامی تقریب سے خطاب
08 فیسکو ریجن میں صارفین کی شکایات کے فوری اور مؤثر ازالے کے لیے جدید ہیلپ لائن 118 کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا
09 فیسکو کا نیپرا کے سالانہ ہیلتھ، سیفٹی اینڈ انوائرمنٹ پرفارمنس ایوارڈ برائے سال 25-2024 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ
10 جی آئی ایس میپنگ اور ویب جی آئی ایس ایپلی کیشنز کی پیش رفت اور استعمال کا جائزہ لینے کیلئے اہم اجلاس کا انعقاد
11 50 واں آل واپڈا انٹر یونٹ ٹورنامنٹ: فیسکو نے باسکٹ بال اور کبڈی (ایشین اسٹائل) ٹورنامنٹ جیت لیا
13 ایس ای آپریشن فرسٹ سرکل انجینئر امیر خان کا سرکل آفس میں منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران افسران سے خطاب
14 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ اور سرگودھا سرکل میں 133 ٹو فیز ٹرانسفارمرز کو تبدیل کر دیا گیا
15 شوکاز نوٹس برائے کارروائی

رمضان المبارک کی عظمت وشان

رحمتوں اور عظمتوں والے مہینے رمضان المبارک کی آمد آمد ہے۔حضور نبی اکرم ﷺ رمضان المبارک سے اتنی زیادہ محبت فرماتے کہ اکثر اس کے پانے کی دُعا فرماتے تھے اور رمضان المبارک کا اہتمام ماہ شعبان میں ہی روزوں کی کثرت کے ساتھ ہو جاتا تھا۔آپ ﷺ بڑے شوق ومحبت سے ماہ رمضان کا استقبال فرماتے۔احادیث مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی اہم اور عظیم دن یا مہینہ کی آمد کا استقبال واہتمام کرنا سنت مصطفی کریمؐ ہے جیسا کہ آپؐ نے آمد رمضان شریف سے پہلے خطاب ارشاد فرما کر ماہ رمضان کا استقبال واہتمام فرمایا۔احادیث مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مخصوص دنوں اور مہینوں کی عظمتوں وبرکتوں کا تذکرہ کرنا،اہل اسلام کو ان خاص دنوں اور مہینوں کی عبادات کی ترغیب دینا اور تیاری کروانا بھی جائز اور مستحسن ہے۔نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''اے لوگو!تم پر عظمتوں والا مہینہ سایہ فگن ہو گیا ہے،اس ارشاد گرامی میں بتایا گیا ہے کہ جس طرح درخت یا چھت انسان کو اپنے سایہ میں لیکر سورج کی گرمی سے بچاتے ہیں ایسے ہی رمضان شریف بھی بندہ مومن کو اپنے سایہ رحمت میں لیکر دنیا وآخرت کے عذاب سے بچالیتا ہے،گویا کہ رمضان شریف اہل ایمان کیلئے رحمتوں اور برکتوں کا سائبان ہے جس خوش نصیب کو یہ ماہ مبارک نصیب ہو جائے اس کے وارے نیارے ہو جاتے ہیں،اور اس کا یہ بھی کمال ہے کہ یہ اہل ایمان کے پاس آکر رحمتیں اور برکتیں بانٹتا ہے جیسا کہ بادل آکر برستا ہے اور ہر ایک کو سیراب کرتا ہے۔

رمضان المبارک کی عظمت وشان:

اس مبارک ماہ کی عظمت وشان سے واضح ہوتا ہے یہ مہینہ عظمتوں والا 2۔برکتوں والا 3۔یعنی اس ماہ رمضان میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار مہینے سے بہتر ہے 4۔یہ صبر والا مہینہ 5۔غمخواری کا مہینہ 6۔یعنی ماہ رمضان ایسا مبارک مہینہ ہے جس میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے 7۔ماہ رمضان کا پہلا عشرہ رحمت درمیانی مغفرت اور آخری عشرہ جہنم سے نجات کا ہے۔یہ حدیث شریف رسول اللہ ﷺ کا وہ عظیم خطبہ ہے جو آپؐ نے شعبان المعظم کے آخری دن صحابہ کرامؓ کو ارشاد فرمایا گویا کہ یہ خطبہ مبارک رمضان شریف کے استقبال کے طور پر ہے،اور رمضان شریف سے پہلے خطبہ میں رمضان المبارک کی آمد کا ذکر اور رمضان المبارک کے فضائل کا تذکرہ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ ماہ رمضان بڑی عظمتوں اور برکتوں والا مہینہ ہے،اور اس کی پیشگی اطلاع میں اہل ایمان کو ماہ رمضان کی خصوصی عبادات کیلئے تیار کرنا بھی مقصود تھا۔

حدیث شریف کے مضمون کو بغور پڑھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے رمضان شریف میں کیے جانے والے مختلف اعمال حسنہ کے عوض مغفرت وبخشش اور جہنم سے چھٹکارا اور آزادی کا ذکر فرمایا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ رمضان شریف نیکیوں کا موسم بہار ہے اور گناہوں سے مغفرت وبخشش اور جہنم سے چھٹکارے کا کھلا اعلان ہے لہٰذا ہمیں چاہئے کہ رمضان شریف کا استقبال محبت اور خوشدلی سے کریں اور رمضان کی جملہ عبادات احسن طریقے سے ادا کریں،روزہ تراویح،تلاوت قرآن مجید،درود شریف،صدقہ وخیرات اور دیگر نیک اعمال بڑھ چڑھ کے کریں،ریاکاری،نمود ونمائش اور فحاشی وبے حیائی سے خود بھی بچیں اور دوسروں کو بھی بچائیں،اپنی زبان اور ہاتھ سے کسی مسلمان بھائی کو اذیت نہ دیں،قلب ونظر کی پاکیزگی کا خصوصی اہتمام کریں،رمضان شریف کے تقدس واحترام کے پیش نظر بھرپور آمد رمضان کا استقبال کریں۔عہد نبوی سے لیکر آج تک مسلمان رمضان شریف کا استقبال اور اہتمام کرتے آرہے ہیں اور یہ حدیث شریف بھی اسی بات کا درس دیتی ہے۔حضرت سیدنا انسؓ فرماتے ہیں کہ ہم صحابہ کرامؓ جب شعبان کا چاند دیکھتے تو قرآن مجید کی تلاوت میں کثرت اور زکوۃ کی ادائیگی میں جلدی کرتے اور مسلم حکام حدود قائم کرتے اور بعض مجرموں کو آزاد کرتے اور تاجر حضرات لین دین کے معاملات مکمل کرتے اور قرض کی ادائیگی اور وصولی کرتے،رمضان شریف سے پہلے فارغ ہو کر ذکر،فکر،عبادت اور اعتکاف میں مشغول ہو جاتے تھے۔آیئے!ہم اپنے گناہوں پر ندامت وشرمندگی کے آنسو بہائیں اور غفلت وسستی کو چھوڑ کر قرآن وسنت پر عمل کرتے ہوئے رحمتوں اور برکتوں کے لمحات سے بھرپور استفادہ کریں۔

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کے مختلف افسران کو پروموشن اور ٹائم سکیل اپ گریڈیشن دے دی گئی

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی پروموٹ اور اپ گریڈ ہونے والے تمام افسران کو دلی مبارکباد

ترقی پانے والے افسران اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے فیسکو اور ملک وقوم کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں

فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد شعبہ ہیومن ریسورسز کی طرف سے ان افسران کی ترقیوں کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کے مختلف افسران کو پروموشن اور ٹائم سکیل اپ گریڈیشن دے دی گئی۔ فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد شعبہ ہیومن ریسورسز کی طرف سے ان افسران کی ترقیوں کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے پروموٹ اور اپ گریڈ ہونے والے تمام افسران کو مبارکباد دی ہے اور اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ترقی پانے والے افسران اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے فیسکو اور ملک وقوم کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے اور فیسکو کے لائن لاسز اور ریکوری کے مطلوبہ ٹارگٹس کو حاصل کریں گے۔ اور فیسکو صارفین کو بہترین خدمات کی فراہمی کو بھی یقینی بنائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق محمد رفیق جنرل منیجر (ٹیکنیکل) اور میڈم صدف ناز جنرل منیجر (کمرشل اینڈ کسٹمر سروسز) کی سکیل 20 سے 21 میں ترقی اور تعیناتی کی گئی ہے۔ غلام مجتبیٰ خان ڈائریکٹر جنرل (ایچ آر)، فرخ آفتاب ڈائریکٹر جنرل (لاء)، محمد امداد اللہ ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) اور علی محمد ڈپٹی جنرل منیجر (فنانس) کی سکیل 19 سے 20 میں ترقی اور تعیناتی کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ٹائم سکیل اپ گریڈیشن کے تحت سکیل 19 سے 20 میں ترقی پانے والے افسران میں محمد سعید چیف انجینئر آپریشن)، فیصل رضا مارتھ چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ٹی اینڈ جی، محمد وقاص بیگ چیف انجینئر (ڈویلپمنٹ) پی ایم یو، اصغر حسین قزلباش چیف انجینئر (کسٹمر سروسز)، محمد منور خان ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن)، احتشام اللہ الیس ای، سید احمد علی شاہ پراجیکٹ ڈائریکٹر (کنسٹرکشن)، محمد ندیم اکبر سپرنٹنڈنگ انجینئر (ٹیکنیکل سروسز)، محمد افضل ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ)، ابرار احمد خان سپرنٹنڈنگ انجینئر (آپریشن) سرگودھا، عصمت اللہ خان سپرنٹنڈنگ انجینئر (آپریشن) ٹوبہ ٹیک سنگھ، محمد امیر خان سپرنٹنڈنگ انجینئر (آپریشن) فرسٹ سرکل، فیصل شفیع رانا ڈائریکٹر (MI)، مصباح الاسلام ڈائریکٹر (PS&C)، ذوالفقار علی ڈائریکٹر (کمرشل)، محمد اقبال خان منیجر (لیگل / کنٹریکٹ) میراڈ، علی محمد ڈائریکٹر (اکاؤنٹس فنانس)، غلام مجتبیٰ خان ڈائریکٹر (سی ایم) / ڈی جی ایچ آر، میجر (ر) مظفر قادر ملک ڈائریکٹر ایڈمن شامل ہیں۔



فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کے سکیل 20 سے 21 اور سکیل 19 سے 20 میں ترقی اور ٹائم سکیل اپ گریڈیشن حاصل کرنے والے افسران

ٹیکنیکل کورسز انجینئرز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرتے ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

شرکاء اپنے فرائض کی ادائیگی ایمانداری سے ادا کریں، صارفین کی خدمت ان کی اولین ترجیح ہونا چاہئے

واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی فیصل آباد ملک بھر سے آنے والے انجینئرز کو جدید تقاضوں کے مطابق تربیت فراہم کر رہی ہے

واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی فیصل آباد میں سینئر انجینئرز (ڈسٹری بیوشن/ٹرانسمیشن اینڈ جنریشن) کے لیے منعقدہ 57ویں (پری پروموشن) ٹیکنیکل ریفریشر کورس کی اختتامی تقریب کا انعقاد ہوا۔ یہ کورس چھ ہفتوں پر محیط تھا جو کہ 24 نومبر 2025 سے 20 جنوری 2026 تک جاری رہا۔ تقریب کے مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو آفیسر فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) انجینئر محمد عامر تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس قسم کے ٹیکنیکل کورسز نہ صرف انجینئرز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ بجلی کے شعبے میں بہتری اور ادارہ جاتی ترقی کے لیے بھی کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ انھوں نے کورس کے شرکا کو اپنے فرائض کی ادائیگی ایمانداری سے ادا کرنے کی تلقین کی اور کہا کہ صارفین کی خدمت ان کی اولین ترجیح ہونا چاہئے کیونکہ ایک مطمئن صارف ہی پاور سیکٹر کی بہترین کارکردگی کا عکاس ہے۔ انہوں نے کامیاب شرکاء کو مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ یہ انجینئرز فیلڈ میں اپنی خدمات کو مزید مؤثر بنائیں گے۔ اس موقع پر چیف انجینئر/ پرنسپل واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی فیصل آباد، انجینئر مرتضیٰ نے خطاب کرتے ہوئے اکیڈمی کی تعلیمی و تربیتی سرگرمیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ اکیڈمی ملک بھر سے آنے والے انجینئرز کو جدید تقاضوں کے مطابق تربیت فراہم کر رہی ہے تاکہ بجلی کے نظام کو درپیش چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ کورس کے ڈائریکٹر محبوب فرید نے کورس رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ اس تربیتی پروگرام میں تکنیکی، انتظامی اور پیشہ ورانہ موضوعات پر جامع لیکچرز، عملی مشقیں اور کیس اسٹڈیز شامل تھیں۔ جبکہ ڈپٹی کورس ڈائریکٹر راشد محمود نے شرکاء کی کارکردگی، نظم و ضبط اور سیکھنے کے جذبے کو سراہا۔ کورس میں سیپکو کے عبدالستار چنہ نے پہلی، آئیسکو کے ایڈیشنل ڈائریکٹر محمد سلیم نے دوسری جبکہ آئیسکو کے ہی ایڈیشنل پراجیکٹ ڈائریکٹر محمد اصغر نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ تقریب میں ڈی جی میراڈ فیسکو عابد رشید بھی موجود تھے جنہوں نے شرکاء اور انتظامیہ کو کورس کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دی۔ آخر میں مہمانِ خصوصی چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اور چیف انجینئر/ پرنسپل واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی انجینئر مرتضیٰ نے شرکاء میں اسناد تقسیم کیں۔ کورس میں فیسکو کے عمیر احمد ایڈیشنل منیجر اور مرید حسین ٹیکنیکل آفیسر، گیپکو کے شہزاد اعظم مرزا اور ارشد علی ایڈیشنل ایس ای، آئیسکو کے محمد اصغر ایڈیشنل پی ڈی، قربان علی ایڈیشنل ایس ای اور محمد سلیم ایڈیشنل ڈائریکٹر، لیسکو کے ناصر علی ایڈیشنل منیجر، میپکو کے محمد اظہر اقبال ایکسئین اور بلال خان ایکسئین، پیسکو کے انتخاب عالم ایڈیشنل پی ڈی اور نادر ولی سینئر ایکسئین، سیپکو کے عبدالستار چنہ سینئر انجینئر، اصغر علی سنگی ایس ای اور شاہ محمد سینئر انجینئر اور ہزکو کے راجہ اسفندیار خان ایکسئین نے شرکت کی۔



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اور پرنسپل واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی انجینئر مرتضیٰ سینئر انجینئرز کے لیے منعقدہ پری پروموشن کورس کی اختتامی تقریب میں شرکاء کو سرٹیفکیٹس تقسیم دے رہے ہیں

صارفین کو بہترین خدمات اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

صارفین کو جدید سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری ازالہ فیسکو کی اولین ترجیح ہے

بجلی کی بروقت بحالی اور سیلاب زدگان کو ریلیف پر فیسکو کی کاوشیں قابلِ تحسین رہیں

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی قیادت میں موثر حکمت عملی سے لائن لاسز میں 1.02 فیصد ریکارڈ کمی ہوئی

کمشنر آفس فیصل آباد میں منعقدہ خصوصی اجلاس میں شرکاء کی طرف سے فیسکو کی شاندار کارکردگی کو سراہا گیا



صارفین کو جدید سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری ازالہ فیسکو کی اولین ترجیح ہے جس کیلئے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ صارفین فیسکو کا قیمتی سرمایہ ہیں جن کو بہترین خدمات اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں۔ یہ باتیں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے کمشنر آفس فیصل آباد میں منعقدہ ایک خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہیں جس کی صدارت جنرل آفیسر کمانڈنگ (جی او سی) میجر جنرل طارق نے کی۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی شاندار کارکردگی کو سراہا گیا۔ انہوں نے فیسکو کے نومبر تک پروگریسو لائن لاسز جو پچھلے سال 6.01 فیصد تھے اس کے مقابلے میں اس سال 4.99 فیصد رہے اور 1.02 فیصد کی ریکارڈ کمی کرنے پر چیف ایگزیکٹو فیسکو کی مؤثر حکمتِ عملی اور انتظامی صلاحیتوں پر اظہار اطمینان کیا۔ انھوں نے کہا کہ جھنگ اور چنیوٹ کے اضلاع میں شدید سیلابی صورتحال کے باوجود فیسکو کی پروگریس ریکوری شاندار رہی جو کہ فیسکو کی ریکوری ٹیموں کی اعلیٰ کارکردگی کا عکاس ہے۔ مشکل حالات میں بھی ریکوری کے اہداف حاصل کرنا فیسکو کے نظم وضبط، پیشہ ورانہ مہارت اور ٹیم ورک کی عکاسی کرتا ہے۔ جی او سی میجر جنرل طارق نے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی قیادت اور بہترین حکمتِ عملی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے موثر اقدامات کے نتیجے میں ریکوری میں بہتری اور لائن لاسز میں نمایاں کمی ممکن ہوئی اور فیسکو کو تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں ایک نمایاں اور مستحکم حیثیت حاصل ہوئی۔ انھوں نے دوران اجلاس سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں فیسکو کی بروقت اور بھرپور کارروائی کو بھی سراہا جس سے نہ بجلی کی بروقت بحالی ممکن ہوئی بلکہ سیلاب زدگان کی بجلی سے متعلقہ شکایات کا بھی فوری ازالہ ممکن ہوا۔ انھوں نے منسٹری آف انرجی پاور ڈویژن کی ہدایت پر سیلاب زدگان کے بلوں میں سبسڈیز شامل کرنے اور سیلاب زدگان کو بجلی بلوں کی چھ اقساط کی صورت ادائیگی پر ریلیف فراہم کرنے پر انجینئر محمد عامر کی تعریف کی۔ میجر جنرل طارق نے صارفین کی شکایات کے فوری اور بروقت ازالے کے لئے جدید وسائل کے استعمال پر بھی اظہار اطمینان کیا۔ اس موقع پر کمشنر فیصل آباد کے علاوہ دیگر ضلعی انتظامی افسران بھی موجود تھے۔ تمام شرکاء نے فیسکو کی مثالی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی فیسکو اسی جذبے اور لگن کے ساتھ عوامی خدمت اور مقررہ اہداف حاصل کرتا رہے گا۔

قارئین فیسکو نیوز کی خصوصی توجہ کیلئے

تمام فیسکو افسران اور ملازمین کے لئے ''فیسکو نیوز'' کے صفحات حاضر ہیں، وہ اپنی تجاویز، آراء، مضامین اور اپنے اپنے شعبوں میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں پر مبنی تحریریں، تصاویر ہمیں بھجوا سکتے ہیں، انہیں شکریہ کے ساتھ شامل اشاعت کیا جائے گا، اپنی تحریریں ہر ماہ کی 25 تاریخ تک ہمیں درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک، ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے بھجوائیں

Whatsapp: 0345-1500680, Email: fescopublicrelations@gmail.com

ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو ہیڈ کوارٹرز، کینال روڈ فیصل آباد

صارفین کی شکایات کے فوری اور مؤثر ازالے کے لیے جدید ہیلپ لائن 118 کا باضابطہ آغاز

یہ اقدام حکومت پاکستان کے ''اُڑان پاکستان'' وژن کے تحت ایک جدید شفاف، بااعتماد اور عوام دوست پاور سیکٹر کے قیام کی جانب ایک نمایاں قدم ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

اس جدید سہولت کا بنیادی مقصد بجلی صارفین کو ایک مرکزی اور مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے

ہیلپ لائن 118 کی جدید سروسز کے ذریعے صارفین کی شکایات کے اندراج، ٹریکنگ اور بروقت ازالے کو یقینی بنایا جا سکے گا

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا ہے کہ فیسکو نے وزیراعظم پاکستان کے وژن اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات کی روشنی میں بجلی صارفین کی شکایات کے فوری اور مؤثر ازالے کے لیے جدید ہیلپ لائن 118 کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے۔ یہ اقدام ''اُڑان پاکستان'' وژن کے تحت ایک جدید، شفاف، بااعتماد اور عوام دوست پاور سیکٹر کے قیام کی جانب ایک نمایاں قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس جدید سہولت کا بنیادی مقصد بجلی صارفین کو ایک مرکزی اور مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، جہاں وہ وولٹیج میں کمی، اوور بلنگ، بجلی کی بندش، میٹر سے متعلق مسائل، نئے کنکشن، تکنیکی خرابیوں اور دیگر شکایات صرف ایک فون کال کے ذریعے درج کرا سکیں گے۔ انجینئر محمد عامر کے مطابق ہیلپ لائن 118 کے ذریعے صارفین کو مختلف دفاتر کے چکر لگانے سے نجات ملے گی اور شکایات کے اندراج، ٹریکنگ اور بروقت ازالے کو یقینی بنایا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سروس نہ صرف شکایات کے اندراج کو آسان بنائے گی بلکہ ایک شفاف اور منظم نگرانی کے نظام کے تحت ان شکایات کی مؤثر مانیٹرنگ بھی ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہیلپ لائن 118 پاور سیکٹر میں اعتماد سازی، بہتر سروس ڈیلیوری اور صارفین کے مسائل کے فوری



حل میں اہم کردار ادا کرے گی۔ چیف ایگزیکٹو نے مزید کہا کہ فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں تمام سب ڈویژنوں پر کسٹمر فیسلیٹیشن سنٹرز قائم کئے گئے ہیں جن پر ٹیکنیکل اور کمرشل شکایات کے اندراج کا سسٹم مکمل طور پر فعال ہے۔ تمام سب ڈویژنوں پر عملے کو جدید کمپیوٹرز، لیپ ٹاپ اور موبائل فراہم کئے جا رہے ہیں تاکہ ان جدید آلات سے مزین سروس سنٹرز پر صارفین کو شکایات کے ازالے کی مکمل اپ ڈیٹ فراہم کی جا سکے۔ صارفین کو ہدایت کی گئی کہ وہ شکایت درج کرواتے وقت اپنی کمپلینٹ ٹریکنگ آئی ڈی ضرور حاصل کریں تاکہ بعدازاں شکایات کی نگرانی اور فالو اپ ممکن ہو سکے۔ چیف ایگزیکٹو نے بتایا کہ ہیلپ لائن 118 کی سہولت بجلی صارفین کے لیے 24 گھنٹے دستیاب رہے گی تاکہ صارفین گھر بیٹھے آسانی سے اپنی شکایات درج کرا سکیں اور ان کا فوری حل ممکن ہو۔ انہوں نے عوام الناس سے اپیل کی کہ بجلی سے متعلق کسی بھی مسئلے کی صورت میں ہیلپ لائن 118 سے رابطہ کریں اور اس سہولت سے بھرپور استفادہ حاصل کریں۔

SAFETY FIRST

فیسکو کا سالانہ نیپرا ہیلتھ، سیفٹی اینڈ انوائرمنٹ (HSE) پرفارمنس ایوارڈ برائے سال 2024-25 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ

فیسکو نے حکومتی ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں دوسری پوزیشن جبکہ مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی

فیسکو سیفٹی ڈائریکٹوریٹ نے 86.5 پوائنٹس حاصل کر کے آؤٹ اسٹینڈنگ کیٹگری میں اپنی نمایاں جگہ بنائی

فیسکو کی کامیابی محنت اور ٹیم ورک کا نتیجہ ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو فیسکو

سیفٹی ڈائریکٹوریٹ نے مقررہ اہداف کو بروقت اور مؤثر انداز میں مکمل کرنے کیلئے بھرپور محنت اور لگن کے ساتھ کام کیا



فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کے سالانہ ہیلتھ، سیفٹی اینڈ انوائرمنٹ (HSE) پرفارمنس ایوارڈ برائے سال 2024-25 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حکومتی ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں دوسری پوزیشن جبکہ مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ اس حوالے سے نیپرا کی سالانہ کارکردگی جائزہ رپورٹ باقاعدہ طور پر نیپرا کی ویب سائٹ پر شائع کر دی گئی ہے۔ نیپرا اتھارٹی نے پاکستان کے پاور سیکٹر میں ہیلتھ، سیفٹی اور انوائرمنٹ کے معیارات کو مؤثر اور مستحکم بنانے کے لیے تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں (ڈسکوز) اور حفاظتی امور سے وابستہ پیشہ ور افراد کی کوششوں اور عزم کو سراہا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر نے ڈائریکٹر ایچ ایس ای فیسکو کلیم اللہ، ایڈیشنل ڈائریکٹر محمد امجد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر عمار افضل چٹھہ، سیفٹی انسپکٹرز بالخصوص احمد عدیل ساجد، محمد اسرار، محمد امجد، محمد عثمان، محمد سرور، محمد عدیل اور حافظ نصیر اور دیگر سٹاف عرفان چشتی، بشیر احمد، محمد سفیان، علی رضا اور مظہر رسول کو اس نمایاں کامیابی پر دلی مبارکباد دی اور فیسکو سیفٹی ڈائریکٹوریٹ کی تمام ٹیم کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور انتھک محنت کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ چیف ایگزیکٹو نے کہا کہ فیسکو کی یہ کامیابی خالصتاً ٹیم ورک، محنت اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فیسکو سیفٹی ڈائریکٹوریٹ نے نیپرا اتھارٹی کی جانب سے مقرر کردہ اہداف کو بروقت اور مؤثر انداز میں مکمل کرنے کے لیے بھرپور محنت اور لگن کے ساتھ کام کیا۔ نیپرا پاور سیفٹی کوڈ کے تحت سالانہ رپورٹ برائے 2024-25 کیلئے 20 سوالات پر مشتمل سوالنامہ ترتیب دیا گیا تھا جس میں نیپرا سے لائسنس یافتہ 177 جنریشن، ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں نے حصہ لیا۔ پاکستان بھر کی ڈسکوز میں فیسکو سیفٹی ڈائریکٹوریٹ نے 86.5 پوائنٹس حاصل کر کے آؤٹ اسٹینڈنگ کیٹگری میں اپنی نمایاں جگہ بنائی اور مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ فیسکو ریجن میں سیفٹی کوڈ کے عملی نفاذ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور لائن سٹاف کو جدید اور معیاری T&P/PPEs کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

جی آئی ایس میپنگ اور ویب جی آئی ایس ایپلی کیشنز کی پیش رفت اور استعمال کا جائزہ لینے کیلئے اہم اجلاس کا انعقاد

جی آئی ایس ٹولز کے موثر استعمال، پلاننگ اور آئی ٹی ڈیپارٹمنٹس کے درمیان مضبوط ہم آہنگی ضروری ہے

عمر حیات گوندل
جنرل منیجر آپریشن

شرکاء کو ایس ڈی او کی سطح پر ویب جی آئی ایس اور ایم آئی ایس ایپلی کیشنز کے موثر استعمال کے حوالے سے بریفنگ دی گئی

ڈی جی آئی ٹی فیسکو کے دفتر میں زوم ایپ پر منعقدہ اہم اجلاس میں فیسکو کے افسران، آپریشن، کنسٹرکشن و کمرشل شعبوں کے ملازمین کی شرکت

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں جی آئی ایس میپنگ اور ویب جی آئی ایس ایپلی کیشنز کی پیش رفت اور استعمال کا جائزہ لینے کے لیے ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) امداد اللہ کے دفتر میں زوم ایپ پر ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت جنرل منیجر (آپریشن) فیسکو عمر حیات گوندل نے کی۔ اجلاس کے دوران LT / HT نیٹ ورک اور صارفین کی GIS میپنگ کی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈی جی آئی ٹی فیسکو عبدالحئی اور نیسپاک کے نمائندے انجینیر معاذ نے شرکاء کو ایس ڈی او کی سطح پر ویب جی آئی ایس اور ایم آئی ایس ایپلی کیشنز کے موثر استعمال کے حوالے سے بریفنگ دی اور شرکاء کو فیلڈ ڈیٹا کی بروقت اپ ڈیٹ اور تصدیق کے عملی طریقہ کار کے بارے میں بھی آگاہ کیا، جبکہ اس کے لیے عملی تربیت بھی کی۔ میٹنگ میں ایس ڈی او کے مطابق ویب جی آئی ایس لاگ ان کی تفصیلات کی فراہمی شامل تھی، ویب جی آئی ایس ایپلی کیشن میں دستیاب لوڈ فلو اینالیسس فیچر کا عملی مظاہرہ بھی کیا گیا، جس کی افادیت کو سسٹم پلاننگ، آپریشنل مانیٹرنگ اور بہتر فیصلہ سازی کے لیے بہت اہم سمجھا گیا۔ اجلاس کے اختتام پر جنرل منیجر (آپریشن) فیسکو عمر حیات گوندل نے درست اور بروقت ڈیٹا انٹری، جی آئی ایس ٹولز کے موثر استعمال اور آپریشنز، پلاننگ اور آئی ٹی ڈیپارٹمنٹس کے درمیان مضبوط ہم آہنگی پر زور دیا تاکہ فیسکو میں جی آئی ایس پراجیکٹ کو کامیابی سے مکمل کیا جا سکے۔ اجلاس میں چیف انجینئر (پی اینڈ ڈی) اور پراجیکٹ ڈائریکٹر (جی آئی ایس) عامر محبوب الٰہی، چیف انجینئر (آپریشن) محمد سعید، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) اور پراجیکٹ منیجر (جی آئی ایس) ڈاکٹر عبدالحئی، ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) امداد اللہ، ڈپٹی ڈائریکٹر (پی اینڈ ڈی) مدثر نواز سیال، ایڈیشنل ڈپٹی منیجر (پی اینڈ ڈی) زاہد لطیف اور ڈپٹی ڈائریکٹر (کمرشل) رضوان مظہر نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ پی ڈی (کنسٹرکشن) فیسکو، تمام سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئرز، سب ڈویژنل آفیسرز، ڈپٹی کمرشل منیجرز، ریونیو آفیسرز اور جی آئی ایس کے تربیت یافتہ اہلکاروں اور آپریشنز کے عملے نے زوم ایپ کے ذریعے حصہ لیا۔



جی ایم آپریشن عمر حیات گوندل کی صدارت میں فیسکو افسران جی آئی ایس میپنگ اور ویب جی آئی ایس ایپلی کیشنز کی پیش رفت اور استعمال کے جائزہ اجلاس میں شریک ہیں



FESCO News Online

For feedback
0419220282
fescopr@gmail.com

فیسکو نیوز کی سوفٹ کاپی فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk پر بھی پوسٹ کی گئی ہے۔ قارئین اس سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔

50واں آل واپڈا انٹر یونٹ ٹورنامنٹ: فیسکو نے باسکٹ بال اور کبڈی (ایشین اسٹائل) ٹورنامنٹ جیت لیا

فیسکو ٹیموں کی کامیابی محنت اور لگن کا نتیجہ ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

ادارے کے اندر موجود ٹیلنٹ کو مناسب سرپرستی اور مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ ہر میدان میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں

فیسکو کی کبڈی ٹیم نے جس جذبے، محنت اور ٹیم اسپرٹ کے ساتھ کھیل کا مظاہرہ کیا ہے وہ تمام فیسکو ملازمین کے لیے باعثِ فخر ہے

فیسکو کی دیگر کھیلوں کی ٹیمیں بھی اسی طرح جیت کے جذبے اور لگن کے ساتھ بہترین کھیل کا مظاہرہ کر کے فیسکو اور ملک کا نام روشن کریں گی

50ویں آل واپڈا انٹر یونٹ کبڈی اور باسکٹ بال ٹورنامنٹ میں فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دونوں ٹورنامنٹ جیت کر اپنے نام کر لئے۔ آل واپڈا انٹر یونٹ ٹورنامنٹ کے مقابلے واپڈا اسپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوئے جس میں فیسکو (فیصل آباد)، لیسکو (لاہور) گیپکو اور (گوجرانوالہ) کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ آخری دن کھیلے فائنل میچ میں فیسکو کی ٹیم نے لیسکو کی ٹیم کو دلچسپ مقابلے کے بعد 47 کے مقابلے میں 30 پوائنٹس سے شکست دی۔ اس طرح فیسکو نے مجموعی طور پر پہلی پوزیشن، لیسکو نے دوسری جبکہ گیپکو نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح آل واپڈا انٹر یونٹ باسکٹ بال ٹورنامنٹ میں فیسکو (فیصل آباد)، گیپکو (گوجرانوالہ)، لیسکو (لاہور)، نیشنل گرڈ سٹیشن کمپنی (این جی سی)، میپکو (ملتان) اور ہائیڈل کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ آخری دن کھیلے فائنل میچ میں فیسکو کی ٹیم نے ہائیڈل کی ٹیم کو دلچسپ مقابلے کے بعد شکست دی۔ اس طرح فیسکو نے مجموعی طور پر پہلی پوزیشن، ہائیڈل نے دوسری، گیپکو نے تیسری، لیسکو نے چوتھی، این جی سی نے پانچویں جبکہ میپکو نے چھٹی پوزیشن حاصل کی۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر، صدر فیسکو سپورٹس ایسوسی ایشن فرخ آفتاب،



آل واپڈا انٹر یونٹ باسکٹ بال ٹورنامنٹ جیتنے والی فیسکو ٹیم کا جی ایم واپڈا اسپورٹس بورڈ امداد اللہ، فیسکو ٹیم کے منیجر محمود احمد، اسسٹنٹ منیجر واجد الرحمان اور سپورٹس آفیسر محمد ساجد کے ہمراہ گروپ فوٹو

جنرل سیکرٹری فیسکو سپورٹس ایسوسی ایشن رانا افضل، منیجر فیسکو کبڈی ٹیم (ایشین سٹائل) شکیل حیدر لک، منیجر باسکٹ بال ٹیم محمود احمد اور سپورٹس آفیسر فیسکو محمد ساجد نے جیتنے والی دونوں فیسکو ٹیموں کو مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ بلاشبہ فیسکو ٹیموں کی یہ کامیابی محنت، لگن اور ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیسکو کی کبڈی اور باسکٹ بال ٹیم نے جس جذبے، محنت اور ٹیم اسپرٹ کے ساتھ کھیل کا مظاہرہ کیا ہے، وہ تمام فیسکو ملازمین کے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ فیسکو کی دیگر کھیلوں کی ٹیمیں بھی اسی طرح جیت کے جذبے اور لگن کے ساتھ بہترین کھیل کا مظاہرہ کر کے فیسکو اور ملک کا نام روشن کریں گی۔ چیف ایگزیکٹو انجینئر محمد عامر نے مزید کہا کہ فیسکو کے کھلاڑیوں کا یہ جذبہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ادارے کے اندر موجود ٹیلنٹ کو مناسب سرپرستی اور مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ ہر میدان میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے فیسکو اسپورٹس ایسوسی ایشن کو بھی اس کامیابی پر مبارکباد دی اور کھلاڑیوں کے لیے ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ کبڈی ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی فاروق احمد ڈی جی واپڈا اسپورٹس بورڈ اور رانا سرور جنرل سیکرٹری پاکستان کبڈی فیڈریشن جبکہ باسکٹ بال ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی جنرل منیجر واپڈا اسپورٹس بورڈ امداد اللہ میمن نے فرسٹ پوزیشن حاصل کرنے والی فیسکو ٹیم کو ٹرافی اور دیگر انعامات دیئے۔ اس موقع پر منیجر فیسکو کبڈی ٹیم (ایشین سٹائل) شکیل حیدر لک، منیجر باسکٹ بال ٹیم محمود احمد اور سپورٹس آفیسر فیسکو محمد ساجد نے ٹورنامنٹ میں شاندار پرفارمنس دکھانے اور کامیابی حاصل کرنے پر دونوں ٹیموں کے اسسٹنٹ منیجرز اور کوچز کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ وہ مستقبل اس تسلسل کو قائم رکھیں گے تاکہ فیسکو کے کھلاڑی نہ صرف انٹر یونٹ مقابلوں بلکہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر مزید کامیابیاں سمیٹ سکیں۔



فاروق احمد ڈی جی واپڈا اسپورٹس بورڈ اور رانا سرور جنرل سیکرٹری پاکستان کبڈی فیڈریشن 50 واں واپڈا انٹر یونٹ کبڈی (ایشین سٹائل) ٹورنامنٹ جیتنے پر فیسکو کبڈی ٹیم کے منیجر شکیل حیدر لک، سپورٹس آفیسر فیسکو محمد ساجد، کوچ عدنان افضل اور اورنگزیب کو ٹرافی دے رہے ہیں

فیسکو کے نادہندگان سے سو فیصد ریکوری کو یقینی بنایا جائے گا

انجینئر امیر خان
ایس ای فرسٹ سرکل

فیسکو کے رننگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز کے خلاف مہم میں مزید تیزی لائی جارہی ہے، کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

صارفین کے ساتھ بہترین سلوک سے پیش آئیں، شکایات کا فوری ازالہ ان کی اولین ترجیح ہونی چاہئے

اپنی متعلقہ سب ڈویژن میں ریکوری مہم کو مزید تیز کریں اور ڈور ٹو ڈور چیکنگ کو یقینی بنایا جائے

سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن فرسٹ سرکل انجینئر امیر خان کا سرکل آفس میں منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران افسران سے خطاب

فیسکو کے رننگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز کے خلاف مہم میں مزید تیزی لائی جارہی ہے اور نادہندگان سے سو فیصد ریکوری کو یقینی بنایا جائے گا اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی یہ باتیں سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن فرسٹ سرکل انجینئر امیر خان نے سرکل آفس میں منعقدہ ایک جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ جائزہ اجلاس میں ڈپٹی کمرشل منیجر فرسٹ سرکل ندیم ساجد، ایکسئین چنیوٹ ڈویژن ذیشان حیدر، ایکسئین عبداللہ پور ڈویژن طاہر مقصود، ایکسئین شیخوپورہ روڈ ڈویژن عنایت اللہ کاکڑ، ایکسئین سول لائنز ڈویژن طفیل رندھاوا، ایکسئین جڑانوالہ ڈویژن اصغر علی شاہ، ایکسئین چک جھمرہ ڈویژن محمد احسان الحق اور ایکسئین لالیاں ڈویژن اسد علی شاہ نے شرکت کی۔ جائزہ اجلاس کے دوران آڈٹ پیراز، آڈٹ آبزرویشنز، ریکوری معاملات، ڈیڈ ڈیفالٹرز، مالی و دفتری ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور دیگر متعلقہ امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ای فرسٹ سرکل امیر خان نے آڈٹ کے حوالے سے جاری معاملات کا جائزہ لیتے ہوئے افسران کو ضروری ہدایت کی کہ تمام آڈٹ پیراز کو بروقت، مکمل اور تسلی بخش انداز میں نمٹایا جائے۔ دفتری اور مالی ریکارڈ کو درست، مکمل اور اپ ٹو ڈیٹ رکھا جائے تاکہ کسی ریکوری اور ڈیڈ ڈیفالٹرز کے معاملات میں غفلت کی گنجائش باقی نہ رہے۔ مزید برآں انھوں نے افسران و سٹاف پر زور دیا کہ وہ اپنی متعلقہ سب ڈویژن میں ریکوری مہم کو مزید تیز کریں اور ڈور ٹو ڈور چیکنگ کو یقینی بنایا جائے کیونکہ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے واجبات ادا نہ کرنے والے صارفین کے خلاف موثر اور عملی اقدامات کا حکم دیا ہے۔ اس موقع پر انھوں نے فیلڈ سٹاف کو صارفین کے ساتھ بہترین سلوک سے پیش آنے کی ہدایت بھی کی اور کہا کہ صارفین بجلی کی شکایات کا فوری ازالہ ان کی اولین ترجیح ہونی چاہئے تاکہ ان بجلی کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔



سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن فرسٹ سرکل انجینئر امیر خان کا سرکل آفس میں ڈیڈ ڈیفالٹرز کے خلاف مہم سے متعلقہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران افسران سے خطاب کررہے ہیں

صارفین کو بہتر اور مسلسل بجلی فراہم کرنے کے لیے اہم اقدامات کئے جارہے ہیں

اس سلسلے میں وولٹیج کے مسائل پر قابو پانے کیلئے ٹو فیز ٹرانسفارمرز کو تھری فیز میں تبدیل کیا جارہا ہے

فیسکو کے فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ اور سرگودھا سرکل میں 133 ٹو فیز ٹرانسفارمرز کو تبدیل کر دیا گیا

ٹرانسفارمرز کی تبدیلی سے صارفین کے وولٹیج کے مسائل حل ہوں گے اور انہیں بجلی کی مسلسل فراہمی یقینی ہوگی

چیف ایگزیکٹو فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر صارفین کو بہتر اور مسلسل بجلی فراہم کرنے کے لیے اہم اقدامات کئے جارہے ہیں اس سلسلے میں وولٹیج کے مسائل پر قابو پانے کیلئے ٹو فیز ٹرانسفارمرز کو تھری فیز میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ فیسکو کے مختلف آپریشن سرکلز جن میں فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ اور سرگودھا سرکل شامل ہیں گذشتہ ماہ کے دوران 133 ٹو فیز ٹرانسفارمرز کو تبدیل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق فیسکو فرسٹ سرکل میں 100 کے وی اے کے تین اور 200 کے وی اے کے 19 ٹرانسفارمرز، سیکنڈ سرکل میں 100 کے وی اے کے تین اور 200 کے وی اے کے 35 ٹرانسفارمرز, جھنگ سرکل میں 100 کے وی اے 15 اور 200 کے وی اے کے دو ٹرانسفارمرز، ٹوبہ ٹیک سنگھ سرکل میں 100 کے وی اے کے 20 اور 200 کے وی اے کے دو ٹرانسفارمرز، سرگودھا سرکل میں 50 کے وی اے کے دو، 100 کے وی اے کے 15 اور 200 کے وی اے کا ایک جبکہ میانوالی سرکل میں 100 کے وی اے کے 16 ٹرانسفارمرز کو تبدیل کیا گیا۔ فیسکو ترجمان محمد سعید رضا کے مطابق ٹو فیز ٹرانسفارمرز کی تبدیلی سے ان علاقوں سے موصول ہونے والی وولٹیج کی کمی بیشی کی شکایات کو دور کرنے میں مدد ملے گی جس سے نہ صرف صارفین کے وولٹیج کے مسائل حل ہوں گے بلکہ صارفین کو بجلی کی مسلسل فراہمی یقینی ہوگی۔ انھوں نے مزید کہا کہ صارفین کو بلاتعطل اور مسلسل بجلی کی فراہمی ہماری ترجیح ہے اور ٹو فیز ٹرانسفارمرز کی تبدیلی ہمارے اس عزم کی ایک کڑی ہے۔ انھوں نے عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ اگر کسی علاقے میں وولٹیج یا سپلائی سے متعلق مسئلہ درپیش ہو تو فوری طور پر فیسکو کے متعلقہ شکایتی مراکز سے رابطہ کریں تاکہ ان کی شکایات کا بروقت ازالہ کیا جاسکے۔





FESCO News Online

فیسکو نیوز کی سوفٹ کاپی فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk پر بھی پوسٹ کی گئی ہے۔ قارئین اس سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔

For feedback
0419220282
fescopublicrelations@gmail.com

شعبہ تعلقات عامہ
فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ، عبداللہ پور فیصل آباد

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) مانانوالا سب ڈویژن فیسکو فیصل آباد کے ایس ڈی او محمد عابد خان آپ مورخہ 01-03-2023 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 878/C-90059 بتاریخ 21-03-2023 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔بعدازاں آپ کو مورخہ 09-05-2024 اور مورخہ 23-01-2026 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے ۔اس کے بعد آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 250/C-90059 بتاریخ 27-01-2026 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت /وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے ۔آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں ۔عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (کانفیڈینشل) فیسکو فیصل آباد

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) سٹی سب ڈویژن فیسکو بھکر کے ایس ڈی او محمد فاروق اعظم آپ مورخہ 01-06-2022 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 1788/C-54067 بتاریخ 10-08-2021 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔بعدازاں آپ کو مورخہ 07-06-2022,14-11-2022,16-11-2022,18-11-2022 اور 03-02-2026 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے ۔اس کے بعد آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 1189/C-54067 بتاریخ 13-06-2022 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت /وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے ۔آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں ۔عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (کانفیڈینشل) فیسکو فیصل آباد

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) بھوآنہ سب ڈویژن فیسکو کے میٹر ریڈر محمد الیاس ولد مانک شیر آپ مورخہ 09-02-2025 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 589 بتاریخ 20-02-2025 ،لیٹر نمبر 2342 بتاریخ 25-06-2025 اور لیٹر نمبر 82-1681 بتاریخ 08-08-2025 جاری کیے گئے لیکن آپ نے ان کا کوئی جواب نہ دیا۔اس کے بعد آپ کو نوٹس نمبر 41-2838 بتاریخ 19-12-2025، 85-82 بتاریخ 06-01-2026 اور نوٹس نمبر 56-153 بتاریخ 23-01-2026 بھی جاری کئے گئے لیکن آپ نے ان کا بھی کوئی جواب نہ دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے ۔لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت /وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے ۔آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں ۔عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) فیسکو ڈویژن چنیوٹ

شہرِ رمضان المبارک

نیکیوں کا موسم بہار

روزہ کی نیت

روزہ کی نیت

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ
مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

افطار کی دعا

افطار کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ
اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ
وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

نقشہ برائے سحری و افطاری رمضان المبارک 1447ھ بمطابق 2026ء فیصل آباد

پہلا عشرہ رحمت

روزہ المبارک	تاریخ	ایام	سحر ختم	افطار وقت
1	18	بدھ	05:23	06:02
2	19	جمعرات	05:22	06:03
3	20	جمعۃ المبارک	05:21	06:04
4	21	ہفتہ	05:20	06:05
5	22	اتوار	05:19	06:05
6	23	سوموار	05:18	06:06
7	24	منگل	05:17	06:07
8	25	بدھ	05:16	06:08
9	26	جمعرات	05:14	06:08
10	27	جمعۃ المبارک	05:13	06:09

دوسرا عشرہ مغفرت

روزہ المبارک	تاریخ	ایام	سحر ختم	افطار وقت
11	28	ہفتہ	05:12	06:10
12	یکم مارچ	اتوار	05:11	06:10
13	02	سوموار	05:10	06:11
14	03	منگل	05:09	06:12
15	04	بدھ	05:08	06:12
16	05	جمعرات	05:07	06:13
17	06	جمعۃ المبارک	05:06	06:14
18	07	ہفتہ	05:05	06:15
19	08	اتوار	05:04	06:16
20	09	سوموار	05:03	06:17

تیسرا عشرہ نجات

روزہ المبارک	تاریخ	ایام	سحر ختم	افطار وقت
21	10	منگل	05:01	06:17
22	11	بدھ	05:00	06:18
23	12	جمعرات	04:59	06:19
24	13	جمعۃ المبارک	04:58	06:20
25	14	ہفتہ	04:56	06:20
26	15	اتوار	04:55	06:21
27	16	سوموار	04:54	06:22
28	17	منگل	04:53	06:22
29	18	بدھ	04:52	06:23
30	19	جمعرات	04:51	06:24

پہلا عشرہ رحمت

پہلے عشرے کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ
خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

ترجمہ

اے میرے رب مجھے بخشش دے مجھ پر رحم فرما
تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے۔

دوسرا عشرہ مغفرت

دوسرے عشرے کی دعا

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ
كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

ترجمہ

میں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی بخشش
مانگتا، مانگتی ہوں جو میرا رب ہے
اور اسی کی طرف رجوع کرتا، کرتی ہوں

تیسرا عشرہ نجات

تیسرے عشرے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ
الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا

ترجمہ

اے اللہ بے شک تو معاف کرنے والا ہے
معاف کرنے کو پسند کرتا ہے
پس تو ہمیں معاف فرما دے!

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)
ویسٹ کینال روڈ، فیصل آباد | www.fesco.com.pk | ٹول فری نمبر 0800-66554 | ہیلپ لائن 118